سوال

(678) گانا گانے پر رسول اللہ ﷺ کا بد دعا دینا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

ایک بچی نے جمعرات کو درس میں بتایا تھا کہ رسول اللہ ﷺ کہیں جا رہے تھے کہ راستے میں دو آدمیوں کو گانا گاتے اور سنتے ہوئے دیکھا۔ رسول اللہ ﷺ نے کہا: یا اللہ ان دونوں کو جہنم میں ڈال دے۔ سوال یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے تو کبھی کسی کے لیے بددعا نہیں کی تو یہ کونسی حدیث میں ہے؟ (ہومیوپیتھک دواخانہ کچا راوی روڈ کریم پارک لاہور) (۳/اکتوبر ۲۰۰۳ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علیٰ رسول الله، أما بعد!

ایسی کوئی روایت نہیں،

البتہ ''مسند احمد'' اور ''سنن ابی داؤد'' کی روایت میں بسند حسن ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے گانے سن کر کانوں میں انگلیاں لیں، دور جا کر نافع کی تصدیق پر ان کو نکالا کہ اب سنائی نہیں دے رہا۔ پھر کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے بھی اسی طرح یا تھا۔

اس حدیث کا مذکورہ واقعہ سے کوئی تعلق نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، کتاب اللباس: صفحہ:488

محدث فتویٰ